# اعلان برائے سالانہ اجلاسِ عام

برائے اختتام پذیر سال 30 جون 2024

اس اعلان کے ذریعے اراکین کو مطلع کیا جارہا ہے کہ انٹرنیشنل اسٹیلز لمیٹڈ کا سترہواں سالانہ اجلاسِ عام 24 ستمبر 2024 کو صبح 10:30 بجے پیچ لگثری ہوٹل، آف ایم ٹی خان روڈ، کراچی میں درج ذیل مقاصد کے لئے منعقد کیا جارہا ہے۔

اراکین کو ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی ترغیب دی جاتی ہے۔

## عمومی کاروائی

### مالیاتی گوشوارے

۱۔ یہ اجلاس 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی گوشوارے اور اِن پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کے تجزیے وصول کرنے، ان پر غور کرنے اور انہیں منظور کرنے کے لئے منعقد کیا جارہا ہے۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223 اور ایس آر او نمبر 2023 / (I) 389 بتاریخ 21 مارچ 2023 کے تحت کمپنی کی سالانہ رپورٹ بمعہ مالیاتی گوشوارے ادارے کی ویب سائٹ http://www.isl.com.pk/investors پر اپ لوڈ کیے جا چکے ہیں، جنہیں درج ذیل QR فعال کوڈ کے ذریعے بھی دیکھا جاسکتا ہے:

### منافع

۲۔ 3 روپے فی حصص یعنی 30 فیصد کی بطور حتمی نقد منافع کی ادائیگی پہ غور کرنا اور اسے منظور کرنا جو پیشگی ادا شدہ 25 فیصد عبوری نقد منافع کے علاوہ ہے۔ جس کے تحت مجموعی طور پر 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کل 5.5 روپے فی حصص یعنی 55 فیصد کا مجموعی منافع بنتا ہے، جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے تجویز کیا تھا۔

### آڈیٹرز

۳۔ اس اجلاس میں 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کمپنی کے قانونی آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے طے کئے جائیں گے سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز M/s.A.F. Ferguson & Co. نے اہل ہونے کے سبب تقرری کے لیے باہمی رضامندی سے طے ہونے والی مشاہرے بمعہ غیر متوقع اخراجات کی عوض خود کو دوبارہ پیش کیا ہے۔

## دیگر کاروائی

۴۔ صاحبِ صدر کی اجازت سے کسی دوسرے مسئلے پر اظہارِ خیال جو سالانہ اجلاسِ عام میں بیان کیا جاسکے۔

بحکم بورڈ انٹرنیشنل اسٹیلز لمیٹڈ

**زوہیب رضا مرچنٹ**

کمپنی سیکریٹری

کراچی 20 اگست 2024

# نوٹس

## ا۔ ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کے ذریعے اجلاس میں شرکت:

ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنے میں دلچسپی رکھنے والے حاملینِ حصص سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ معلومات کو انٹرنیشنل اسٹیلز لمیٹڈ کے سالانہ اجلاسِ عام 2024 کی رجسٹریشن کے عنوان کے ساتھ اپنی تصدیق شدہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کے دونوں اطراف کی کاپی کے ساتھ investors@isl.com.pk پر ای میل کریں۔ ویڈیو لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات صرف اُن اراکین کو بھیجی جائیں گی جن کی ای میل تمام مطلوبہ تفصیلات کے ساتھ سالانہ اجلاسِ عام کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے موصول ہوئی ہو۔

**ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے لئے رجسٹریشن**

ا۔ فولیو نمبر/CDC سرمایہ کار کا اکاؤنٹ نمبر/ ذیلی اکاؤنٹ نمبر: ____________________

۲۔ شیئر ہولڈر کا نام: ____________________

۳۔ سیل فون نمبر: ____________________

۴۔ ای میل ایڈریس: ____________________

۵۔ سالانہ جنرل میٹنگ میں شرکت کا حق محفوظ رکھنے کے لئے بک کلوزر کے پہلے دن کے حصص کی تعداد: ____________________

____________________

حصص یافتگان سالانہ اجلاسِ عام کے ایجنڈے کے لئے اپنے تبصرے اور سوالات ای میل ایڈریس investors@isl.com.pk پر بھی بھیج سکتے ہیں۔

## ۲۔ حصص منتقلی کھاتوں کی بندش

کمپنی کے حصص کی منتقلی کے کھاتے مورخہ 17 ستمبر 2024 تا 24 ستمبر 2024 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گے۔ 16 ستمبر 2024 کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے رجسٹرار M/s. THK Associates (Pvt) Ltd. کے دفتر یعنی پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے فیز VII، کراچی-75500 پہ ضابطے کے مطابق موصول ہونے والی درخواستوں کو حتمی نقد منافع کی منتقلی، سالانہ اجلاسِ عام 2024 میں شرکت اور ووٹ دینے کا مجاز تسلیم کیا جائے گا۔

## ۳۔ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت اور نمائندے کی تقرری

الف: سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کا حقدار رُکن کسی دوسرے رُکن کو اپنی طرف سے شرکت کرنے بولنے اور ووٹ دینے کے لیے اپنا نمائندہ (پراکسی) مقرر کرنے کا حقدار ہے۔

ب: نمائندگی، پاور آف اٹارنی یا دیگر اختیارات کا تقرر کرنے کے لئے ایک دستخط شدہ اور نوٹری پبلک سے تصدیق شدہ دستاویز اجلاس شروع ہونے سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں لازمی جمع کروادیا جائے۔ نمائندگی (پراکسی) کا فارم منسلک ہے۔

ج: سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید درج ذیل رہنما ضوابط پر عمل کرنا ہوگا، جیسے کہ 26 جنوری 2000 کو پاکستان کے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کے ذریعہ جاری کردہ سرکلر 1 میں بیان کیا گیا ہے۔

### (i) سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے لئے

الف: انفرادی سطح پر، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جن کی سیکیورٹیز اور رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، اجلاس میں شرکت کرنے کے لئے اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ دکھا کر اپنی شناخت کا ثبوت پیش کرے گا۔

ب: کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، اجلاس میں شرکت کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور نامزد شخص کے دستخط کا نمونہ ساتھ پیش کیا جائے گا (اگر پہلے سے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

## (ii) تقرری برائے نمائندگی

الف: انفرادی سطح پر، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات CDC کے ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں وہ مذکورہ بالا قوائد کے مطابق نمائندگی فارم جمع کروائیں گے۔

ب: اصل مالکان اور نمائندے کے قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپیاں نمائندگی کے فارم کے ساتھ پیش کی جائیں گی۔ نامزد شدہ نمائندہ اجلاس عام میں شرکت کے وقت اپنا اصل قومی شناختی کارڈ پیش کرے گا۔

## ۴۔ لازمی معلومات۔ (ای میل، شناختی کارڈ، IBAN اور زکوٰۃ کا اعلان)

الف: کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 119 اور ریگولیشن 47 کمپنیز ریگولیشنز 2024 کے تحت اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ ہمارے ریکارڈ کی تجدید اور قانون کی عدم تعمیل سے بچنے کے لئے اپنی لازمی معلومات جیسے کہ، تجدید شدہ ڈاک کا پتہ، ای میل، موبائل/ٹیلیفون نمبر، انٹرنیشنل بینکنگ اکاؤنٹ نمبر (IBAN) بشمول قومی شناختی کارڈ کی ایک کاپی فوری طور پر فراہم کریں۔ بصورت دیگر، تمام منافع کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017 کے ضابطہ 6 کے مطابق روک دیا جائے گا۔

- برائے سرٹیفیکیٹ — M/s. THK Associates (Pvt) Ltd.
- برائے CDS حصص — CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا متعلقہ ادارہ

ب: اراکین سے درخواست ہے کہ وہ زکوٰۃ اور عشر آرڈیننس 1980 کے مطابق زکوٰۃ سے استثنیٰ کے لئے ایک اعلامیہ (CZ-50) جمع کروائیں اور اگر پتے میں کوئی تبدیلی ہوئی ہو تو فوری مطلع کریں۔

## ۵۔ غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ:

حصص یافتگان، جو کسی بھی وجہ سے اپنے ڈیویڈنڈ کا دعویٰ نہیں کر سکے ہیں، اُن سے درخواست ہے کہ وہ اپنا غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ وصول کرنے یا اُس کے حوالے سے معلومات حاصل کرنے کے لئے ہمارے حصص رجسٹرار M/s. THK Associates (Pvt) Ltd. سے فوری رابطہ کریں۔

## ۶۔ ای ڈیوڈنڈ مینڈیٹ

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 242 کے مطابق، پبلک لسٹڈ کمپنی کے معاملے میں، نقد میں قابلِ ادائیگی کوئی بھی ڈیویڈنڈ صرف الیکٹرانک ذریعے سے حقدار حصص یافتگان کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں بھیجا جائے گا۔

لہٰذا، اس نوٹس کے ذریعے تمام حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) اور دیگر تفصیلات کی سنٹرل ڈپازٹری سسٹم میں تجدید کروائیں۔ حصص سرٹیفیکیٹ کی صورت میں رکھنے والے ممبران برائے کرم مستقبل میں کسی بھی قسم کی تکلیف سے بچنے کے لئے اپنے موجودہ بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات ہمارے حصص رجسٹرار، M/s. THK Associates (Pvt) Ltd. کے پاس فوری طور پر تجدید یقینی بنائیں۔ ای ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم منسلک ہے۔

## ۷۔ سرٹیفیکیٹ کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے تحت تمام رجسٹرڈ کمپنیز کو کمپنیز ایکٹ 2017 کے آغاز کی تاریخ سے چار سال کی مدّت کے اندر اپنے سرٹیفیکٹس کی بک انٹری کی صورت میں تبدیل کروانے کی تاکید کی گئی ہے۔

پاکستان کے سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن نے اپنے سرکلر نمبر CSD/ED/Misc. 2016 639-640 بتاریخ 26 مارچ 2021 کے ذریعے تمام لسٹڈ اداروں کو عندیہ دیا ہے کہ وہ اپنے ایسے اراکین سے رجوع کریں جن کے پاس ابھی تک سرٹیفیکیٹ کی شکل میں حصص موجود ہیں تاکہ وہ اپنے حصص بک انٹری کی صورت میں تبدیل کروا سکیں۔

ہم یہاں انٹرنیشنل اسٹیلز لمیٹڈ کے ایسے تمام اراکین سے درخواست کرتے ہیں جو حصص کے سرٹیفکیٹ رکھتے ہیں کہ وہ اپنے حصص جلد از جلد بُک انٹری کی صورت میں تبدیل کروائیں۔ انہیں سینٹرل ڈپازٹری سسٹم میں اکاؤنٹ کھولنے کے لئے سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ یا پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے کسی بھی فعال رکن/ اسٹاک بروکر سے رابطہ کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے تاکہ حقیقی حصص سرٹیفکیٹس بُک انٹری کی صورت میں تبدیل کئے جا سکیں۔

اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بُک انٹری کی صورت میں حصص رکھنے کے متعدد فوائد ہیں جن میں شامل ہیں:

- حصص کی محفوظ اور آسان تحویل
- باآسانی قابل تجارت اور قابل منتقلی
- خرابی، نقصان یا چوری کا کوئی خطرہ نہیں
- کھاتے کے اندراج کی شکل میں حصص کی منتقلی پر کوئی اسٹیمپ ڈیوٹی نہیں۔
- بلا رکاوٹ بونس یا رائٹ شیئرز کی ادائیگی

ہم ایک بار پھر کمپنی کے اراکین کو تنبیہ کرنا چاہتے ہیں کہ وہ اپنے بہترین مفاد میں اپنے حقیقی حصص جلد از جلد بُک انٹری کی صورت میں تبدیل کروائیں۔

## ۸۔ فائلر اور نان فائلر کی حیثیت

(i) حکومت پاکستان کی جانب سے فنانس ایکٹ 2024 کے ذریعے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت رجسٹرڈ اداروں کی جانب سے ڈیویڈنڈ کی ادائیگیوں پر ودہولڈنگ ٹیکس کے لئے حسبِ ذیل شرائط تجویز کی گئی ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| الف: | انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والے اراکین | 15 فیصد |
| ب: | انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے والے اراکین | 30 فیصد |

جن اراکین کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) میں درج نہیں ہیں، قطع نظر اس کے کہ وہ فائلرز ہیں، ان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے ناموں کو اے ٹی ایل میں درج کروائیں تاکہ مستقبل میں کسی بھی منافع کی ادائیگی میں بے جا ٹیکس کٹوتی سے بچا جا سکے۔

(ii) کوئی بھی سوال/ مسئلہ/ معلومات حاصل کرنے کے لئے، سرمایہ کار حسبِ ذیل فون نمبرز، ای میل ایڈریس یا پوسٹل ایڈریس کے ذریعے حصص رجسٹرار سے رابطہ کر سکتے ہیں:

M/s. THK Associates (Pvt) Ltd.
C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، D.H.A.، فیز VII، کراچی-75500
فون: 29-37120628-9221+، 322-000-111-9221+
ای میل: sfc@thk.com.pk

(iii) سی ڈی سی اکاؤنٹس رکھنے والے اراکین کو اپنی متعلقہ تفصیلات سمیت اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) کی تجدید کروانی ہوگی، جب کہ سرٹیفکیٹ رکھنے والے کارپوریٹ ادارے کو اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی حصص رجسٹرار یعنی .M/s. THK Associates (Pvt) Ltd کو بھیجنی پڑے گی۔ حصص یافتگان کو این ٹی این یا NTN سرٹیفکیٹ بھیجتے وقت کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبر کا حوالہ دینا ضروری ہے۔